باقۃ الازھار

(مجموعہ خطبات جمعہ)

جامع و مرتب: مولانا ابو محمد حمید الرحمٰن/صفحات: ۲۷۳/طباعت: عمدہ، دورنگا، بڑھیا پیپر/ قیمت: لکھی نہیں/ملنے کا پتا: مکتبۃ الحمید گلشن اقبال کراچی/فون: 0333-2213064

وہ علماء اور واعظین جو جمعہ کے روز مساجد میں خطبہ و خطاب فرماتے ہیں انہیں معلوم ہے کہ خطبہ جمعہ کی تیاری نہایت اہم مرحلہ ہوتا ہے۔ ہر جمعہ کو الگ موضوع پر تیاری کرنا کسی قدر مشکل کام ہوتا ہے، آدمی اگر نو آموز ہو تو یہ ذمہ داری مزید بھاری ہو جاتی ہے، اس مشکل کے حل کے لیے خطبات جمعہ کے کئی مجموعے دستیاب ہیں، باقۃ الازھار ان سب میں ممتاز و منفرد مجموعہ خطبات ہے، اس مجموعے میں تقریباً ایک سو اٹھائیس عربی خطبات جمع کیے گئے ہیں، جو عقائد، عبادات، اَخلاق، معاشرت اور معاملات پر مشتمل ہیں، ان عنوانات کے تحت آیاتِ قرآن کریم، احادیث مبارکہ، پرحکمت اَمثال و اقوال، دل کی گہرائیوں میں اتر جانے والے اشعار اعراب اور حل لغات کے ساتھ دیے گئے ہیں، خطیب حضرات نہایت کم وقت میں بہترین تقریر تیار کر سکتے ہیں، کتاب میں دیے گئے مواد کی مدد سے اردو تقریر فرمائیں اور اسی کو خطبہ میں عربی زبان میں دُہرادیں، اس طرح سامعین کو بھی قرآن و حدیث کا جاننا اور سمجھنا بہت آسان ہو جائے گا۔

خلاصہ نور الیقین فی سیرۃ سید المرسلین

صفحات: ۲۳۵/طباعت: عمدہ/قیمت: ۴۵۰ روپے/ملنے کا پتا: زمزم پبلشرز، نزد مقدس مسجد، اردو بازار کراچی/فون: 021-32729089

''نور الیقین'' درس نظامی میں شامل سیرت النبی پر غالباً واحد کتاب ہے، یہ شیخ محمد الخضر ی کی تصنیف ہے، شیخ محمد الخضر ی مصر کے ممتاز علماء میں سے تھے، آپ ۱۲۸۹ ھجری مطابق ۱۸۷۲ء کو قاہرہ میں پیدا ہوئے، اور ۸ شوال ۱۳۴۵ھ مطابق ۱۹۲۷ء کو قاہرہ میں ہی وفات پائی۔ آپ صاحب علم، فقیہ، مورخ اور ادیب تھے، تاریخ و سیرت کے استاذ ہونے کے علاوہ اس موضوع پر آپ کی متعدد کتابیں ہیں، انہی میں سے ایک نور الیقین فی سیرۃ سید المرسلین ہے جو ہمارے درس نظامی میں شامل ہے، نور الیقین اپنی جامعیت اور سلاست میں ممتاز و منفرد کتاب ہے، اسی کتاب کا خلاصہ استاذ عمر عبدالجبار نے اپنے مخصوص انداز میں کیا ہے، جس سے کتاب مزید آسان اور عام فہم ہوگئی ہے، استاذ عمر عبدالجبار نے اس تلخیص کو ۳۵ دروس پر تقسیم کیا ہے، ہر درس کے آخر میں سوالات بھی دیے گئے ہیں۔ نیز کئی